
تفسیر فرات (اردو)
شیخ المحدثین علامہ
فرات بن ابراہیم کوفیؒ
محمد شریف صاحب
پیشکش
قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان علیہ السلام ملتان

حقوق الطبع محفوظة

نام کتاب ——— تفسیر فرات

مولف ——— شیخ المحدثین سرکار علامہ
فرات بن ابراهیم کوفی

مترجم ——— ملک العلماء الحاج مولانا
ملک محمد شریف صاحب
مرحوم شاہ رسولوی ملتانی

پیشکش ——— تنظیم حب علی علیہ السلام
لندن انگلینڈ

ناشر ——— قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان
علیہ السلام ملتان

ھدیہ ——— 175/- روپے

اگست سنہ 2003ء

تنظیم انتظار مہدی ملتان

۵ ـــــ بڑی آنکھوں والی حوروں سے شادی کریں گے۔

۶ ـــــ سب سے پہلے میرے ساتھ علیین میں قیام کریں گے۔

۷ ـــــ سب سے پہلے رحیق مختوم سے سیراب ہوں گے۔

جابرؓ سے روایت ہے کہ ابو جعفر علیہ السلام نے کہا ـــــ

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هٰذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا

یقیناً ہم نے قرآن میں بار بار دلیلیں بیان کیں ہیں تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں

یعنی ہم نے علیؑ کا ذکر ہر آیت میں کیا، مگر لوگوں نے ناپسند کیا۔ ولایت علیؑ کا انکار کیا ان کی نفرت بڑھتی گئی۔

ابو حمزہ ثمالیؒ سے مروی ہے کہ میں نے ابو جعفر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا ـــــ

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هٰذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا

ہم نے قرآن میں بار بار دلیلیں بیان کیں ہیں تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں

یعنی ـــــ ہم نے علیؑ کا ذکر کل قرآن میں کیا ہے۔ علیؑ ذکر ہیں۔ لوگوں کی نفرت اور انکار بڑھتا گیا۔

عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا، اونٹ کے برابر ایک اژدھا نظر پڑا علیؑ نے عصا سے اس کو مارنا چاہا۔ رسول اللہ نے فرمایا ـــــ

"یہ ابلیس ہے، میں نے اس سے کچھ شرائط طے کی ہیں۔ یہ تم سے بغض رکھنے والے کی ماں کے رحم میں شریک ہوتا ہے۔ خداوند عالم فرماتا ہے۔

وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ ـــــ اللہ تعالیٰ نے شیطان سے کہا کہ ان کے مال اور اولاد میں شریک ہو جا۔